سوال

(234)ایام نفاس کے دوران زرد رنگ کی رطوبت آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایام نفاس کے دوران چالیس دن تک زرد رنگ کی رطوبت سی آتی رہتی ہے، توکیا اس صورت میں نماز روزہ رکھا جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ولادت کے بعد عورت کے جسم سے جو بھی خارج ہو مثلاً خون، زرد یا میلے رنگ کی رطوبت اور آلائش وغیرہ تو اس کا حکم نفاس کا ہے۔ کیونکہ یہی فطرت ہے حتیٰ کہ چالیس دن پورے ہو جائیں۔ اور اس کے بعد اگر معروف خون آئے اور اس میں کسی قسم کا انقطاع نہ ہو تو یہ نفاس ہی ہوگا، ورنہ استحاضہ وغیرہ ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 223

محدث فتویٰ